پاکستان ایک پرامن ملک جس نے ہمیشہ بھارت کو کشمیر سمیت تمام مسائل پر مذاکرات کی دعوت دی، حاجی نور محمد دمڑ، حاجی محمد خان طوراتمان خیل

پاکستان خودمختار ملک جس نے کبھی کسی دوسرے ملک میں مداخلت نہ ہی تعلقات خراب کرنے کی کوشش کی، شیخ زرک خان مندوخیل

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزراء و اراکین اسمبلی نے کہا ہے کہ پاک بھارت کشیدگی سے انڈیا کو بڑے پیمانے پر نقصانات کا سامنا کرنا پڑا جو مودی سرکار کی غلط پالیسیوں کا نتیجہ نکلا پاکستان پرامن ملک جس نے بھارت کو ہمیشہ کشمیر سمیت تمام مسائل پر مذاکرات کی دعوت دی لیکن مودی سرکار نے طاقت کے ......... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

نشے میں دھت ہو کر مذاکرات کی بجائے جنگ شروع کرنے کی سازش کی جس کیلئے آج اپنے اسمبلی میں بیٹھنے کی جگہ نہیں بھارت نے دوبارہ غلطی یا مودی سرکار کی پالیسی اپنائی تو ہمارے شاہین اسے مزید منہ توڑ جواب دینگے یہ بات صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ، صوبائی میر صادق عمرانی، صوبائی وزیر حاجی نور محمد دمڑ، اراکین اسمبلی حاجی محمد خان طوراتمان خیل، شیخ زرک مندوخیل و دیگر نے بیان جاری کرتے ہوئے کہی، انہوں نے کہا کہ پاکستان ایک اسلامی اور ایٹمی ملک بھی ہے دوسری جانب پاکستان کی تمام اقوام ہمیشہ ملک پر جو بھی مشکل آئی تو انہوں نے سیاسی اختلافات ایک طرف رکھ کر ایک ہی صف میں کھڑے ہو کر پاک فوج کو مکمل سپورٹ کیا اور ملک کے دفاع کیلئے ہر قسم کی قربانی دینے کیلئے آگے بڑھے یہی وجہ تھی کہ بھارت جو طاقت کے نشے میں تھا اس کا نشہ ایک دن میں ہی ختم کر دیا گیا انہوں نے کہا کہ پاکستان ایک آزاد اور خودمختار ملک ہے جس کی اپنی پالیسی ہے

## سرکاری اداروں میں مالی بے ضابطگیوں پر سمجھوتہ نہیں کیا جائیگا' پی اے سی

**اصغر ترین کی زیر صدارت محکمہ محنت و افرادی قوت اور بلوچستان ریونیو اتھارٹی کا اجلاس، آڈٹ پیراز کا جائزہ لیا گیا**

کوئٹہ (خ ن) پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کا اجلاس چیئرمین اصغر علی ترین کی صدارت میں محکمہ محنت و افرادی قوت اور بلوچستان ریونیو اتھارٹی کے ساتھ منعقد ہوا۔ اجلاس میں پی اے سی کے ممبرز سردار عبدالرحمن کھیتران، زابد علی ریکی، غلام دستگیر بادینی، فضل قادر مندوخیل اور صفیہ گورگیج، اکاؤنٹنٹ جنرل نصر اللہ جان، ڈی جی آڈٹ بلوچستان شجاع علی، سیکرٹری محکمہ لیبر نیاز احمد بخاری، چیئرمین بلوچستان ریونیو اتھارٹی نورالحق بلوچ، ایڈیشنل سیکرٹری پی اے سی سراج لہڑی، ایڈیشنل سیکرٹری محکمہ قانون سعید اقبال، ایڈیشنل سیکرٹری محکمہ خزانہ عارف اچکزئی، اسسٹنٹ چیف سیکشن پی اینڈ ڈی عامر شاہ و دیگر حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں مالی سال 2021-22 کے اپروپریشن اکاؤنٹس اور مالی سال 2022-23 کے آڈٹ پیراز کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ محکمہ کے بنیادی اہداف میں لیبر قوانین کا نفاذ، صنعتی یونٹس ورکشاپ/بنز کی رجسٹریشن، فیکٹریز و دکانوں کی تفتیش، تکنیکی تعلیم کی فراہمی اور تحقیق شامل ہیں۔ اجلاس میں انکشاف ہوا کہ ترقیاتی و غیر ترقیاتی مد میں مختص 2,234.079 ملین روپے میں سے صرف 1,412.397 ملین روپے خرچ کیے گئے اور 821.679 ملین روپے کی خطیر رقم کی بچت سامنے آئی، جو کہ محکمہ کی ناقص بجٹ سازی اور فنڈز کے غیر موثر استعمال کی نشاندہی کرتی ہے۔ ڈائریکٹر لیبر کوئٹہ کی جانب سے مالی سال 2019-20 کے دوران 522.146 ملین روپے کی گرانٹ بروقت استعمال نہ کرنے اور اسے سرکاری خزانے میں جمع کرانے کی بجائے ایک نجی بینک کے سیونگ اکاؤنٹ میں جمع کرانے پر تشویش کا اظہار کیا گیا۔

## ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کا ایس او ایس ویلیج کا دورہ، یتیم بچوں کیساتھ وقت گزارا

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کیپٹن (ر) مہراللہ بادینی نے گزشتہ روز اسسٹنٹ کمشنر سٹی کے ہمراہ ایس او ایس ویلیج کوئٹہ کا دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے یتیم بچوں کے ساتھ وقت گزارا، ان کی خیریت دریافت کی اور تحائف تقسیم کیے۔ ڈپٹی کمشنر نے ادارے کے مختلف شعبہ جات کا تفصیلی جائزہ لیا اور ایس او ایس کے نمائندوں سے ادارے کے انتظامی اور تعلیمی امور پر بریفنگ لی۔ انہوں نے تمام شعبہ جات کا دورہ کیا اور فراہم کی جانے والی سہولیات کا معائنہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے بچوں کی دلجوئی کرتے ہوئے ان کی حوصلہ افزائی کی اور انہیں معاشرے کا قیمتی اثاثہ قرار دیا۔ انہوں نے ادارے کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے یقین دلایا کہ ضلعی انتظامیہ ایسے اداروں کے ساتھ ہر ممکن تعاون جاری رکھے گی۔

MASHRIQ QUETTA

## کوئٹہ شہر کی خوبصورتی کیلئے ہمیں مزید سخت فیصلے کرنے ہونگے' کمشنر

لیاقت بازار، قندھاری بازار، پرنس روڈ کو بھی نو پارکنگ زون ڈکلیئر، ہر قسم کی گاڑیوں و ریڑھیوں کو فوری ہٹایا جائے گا' حمزہ شفقات

جوائنٹ روڈ سے بھی تمام ریڑھیاں کو فوری ہٹا کر ٹریفک کی روانی یقینی اور شہر میں دکانوں کے سامنے درختوں کے گملے رکھے جائیں گے

**بہتری کاروباری [illegible] قوانین کے [illegible] پر پابندی [illegible] چلانے کیلئے اقدامات اٹھائے جائیں، اجلاس میں افسران کو ہدایت**

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان کی ہدایت پر کمشنر کوئٹہ ڈویژن حمزہ شفقات کی زیر صدارت کوئٹہ شہر کی بہتری اور خوبصورتی کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل کمشنر کوئٹہ ڈویژن آغا سمیع اللہ، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کیپٹن ریٹائرڈ مہراللہ بادینی، ایس ایس پی ٹریفک کوئٹہ بہرام خان، ایس ایس پی سی، ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ کوئٹہ ڈویژن، اسسٹنٹ کمشنر ریونیو کوئٹہ ڈویژن، اسسٹنٹ کمشنر پولیٹیکل کوئٹہ ڈویژن ......... بقیہ 71 صفحہ نمبر 7 پر

اسسٹنٹ کمشنر سٹی، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو، کوئٹہ، ڈپٹی ڈائریکٹر پروجیکٹ کوئٹہ بیوٹیفکیشن پلان، چیف سینٹری انسپکٹر میونسپل کارپوریشن کوئٹہ کے علاوہ دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان کی زیر صدارت اجلاس کے فیصلوں کی روشنی میں کوئٹہ شہر کی بہتری اور خوبصورتی کیلئے ہر ممکن اقدامات اٹھائے جائیں

INTEKHAB QUETTA

## مراکز صحت میں بہتری لائے بغیر عوامی مسائل حل نہیں ہو سکتے' ڈپٹی کمشنر جعفر آباد

**ڈاکٹرز اور پیرا میڈیکل سٹاف کی حاضری کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا، غیر حاضر عملے کے خلاف فوری کارروائی کی جائے گی، اظہر شہزاد**

جعفر آباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر جعفر آباد اظہر شہزاد نے کہا ہے کہ بنیادی مراکز صحت میں بہتری لائے بغیر عوام کے صحت کے مسائل حل نہیں ہو سکتے ڈاکٹرز اور پیرا میڈیکل سٹاف کی حاضری کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا غیر حاضر عملے کے خلاف فوری کارروائی کی جائے گی ان کے لیے کسی قسم کا نرم گوشہ ہرگز نہیں رکھیں گے دور دراز علاقوں کے لیے بیسک ہیلتھ یونٹس انتہائی اہمیت کے حامل ہوتے ہیں ان سینٹرز میں ادویات کی موجودگی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے ان خیالات کا اظہار انہوں نے روجھان جمالی بیسک ہیلتھ یونٹ کے دورے کے موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کیا اس موقع پر انہوں نے مقامی افراد سے بھی ملاقات کی اور طبی مرکز میں عوام کو دی جانے والی سہولیات کے متعلق آگاہی حاصل کی ڈپٹی کمشنر جعفر آباد اظہر شہزاد نے سختی کے ساتھ ہدایات دیتے ہوئے بتایا کہ لوگوں کی صحیح معنوں میں خدمات سرانجام دینا ہماری اولین ترجیحات کا حصہ ہے اس لیے ڈاکٹرز اور پیرا میڈیکل سٹاف پر بھی لازم ہے کہ وہ اپنی ذمہ داریاں نہایت خوش اسلوبی کے ساتھ سرانجام دیں ضلع انتظامیہ گاہے بگاہے سرپرائز وزٹ کرنے کے عمل کو جاری رکھے گی تاکہ غیر حاضری کے عمل کی روک تھام کی جائے اور لوگوں کو بہترین طبی سہولیات ان کی دہلیز پر ہی میسر آسکیں انہوں نے کہا کہ حکومت مفاد عامہ میں بہتر اقدامات کر رہی ہے اس لیے وزیر اعلیٰ بلوچستان اور چیف سیکرٹری بلوچستان کے احکامات پر من و عن عمل درآمد کو یقینی بنانے کے لیے ضلع انتظامیہ کوئی کسر نہیں چھوڑے گی اور لوگوں کے مفاد میں اپنی کارکردگی کو مزید بہتر بنائے گی تاکہ لوگ حکومتی اقدامات سے فائدہ مند ہو سکیں۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 20 MAY 2025 Page No. 17

# سرکاری محکموں میں بے ضابطگیوں پر کوئی کمپرومائز نہیں ہوگا، پبلک اکاؤنٹس کمیٹی

پی اے سی ہر سطح پر احتساب کو فروغ اور یہ بات یقینی بنائیگی عوام کا پیسہ قواعد وضوابط کے مطابق استعمال ہو، اصغر علی ترین

[illegible] 2019-20 کے دوران 522.146 ملین [illegible]

کوئٹہ (خ ن) پبلک اکاؤنٹس کمیٹی (PAC) کا اجلاس چیئرمین اصغر علی ترین کی زیر صدارت محکمہ محنت و افرادی قوت اور بلوچستان ریونیو اتھارٹی کے ساتھ منعقد ہوا اجلاس میں پی اے سی کے ممبرز سردار عبدالرحمان کھیتران، زابد علی ریکی، غلام دستگیر بادینی، فضل قادر مندوخیل اور عبیداللہ گورگیج، اکاؤنٹنٹ جنرل نصراللہ جان، ڈی جی آڈٹ بلوچستان شجاع علی، سیکرٹری محکمہ لیبر نیاز احمد بجاری، چیئرمین بلوچستان ریونیو اتھارٹی نورالحق بلوچ، ایڈیشنل سیکرٹری پی اے سی سراج لہڑی، ایڈیشنل سیکرٹری محکمہ قانون سعید اقبال، ایڈیشنل سیکرٹری محکمہ ......... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

خزانہ عارف اچکزئی، اسسٹنٹ چیف سیکشن پی اینڈ ڈی عامر شاہ و دیگر حکام نے شرکت کی مالی بے ضابطگیوں کو برداشت نہیں کیا جائے گا پی اے سی ممبران اس بابت سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ اجلاس میں مالی سال 2021-22ء کے اپروپریشن اکاؤنٹس اور مالی سال 2022-23ء کے آڈٹ پیراز کا تفصیلی جائزہ لیا گیا محکمہ کے بنیادی اہداف میں لیبر قوانین کا نفاذ، صنعتی یونینز و ٹریڈ یونینز کی رجسٹریشن، فیکٹریز و دکانوں کی تفتیش، تکنیکی تعلیم کی فراہمی اور تحقیق شامل ہیں

# جسٹس اعجاز سواتی چیف جسٹس بلوچستان ہائیکورٹ نامزد، جوڈیشل کمیشن نے منظوری دیدی

چیف جسٹس یحییٰ آفریدی کی زیر صدارت اجلاس میں چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ کیلئے تین ناموں پر غور

نامزدگی جوڈیشل کمیشن نے کثرت رائے سے کی جسٹس اعجاز سواتی قائم مقام چیف جسٹس کے فرائض انجام دے رہے تھے



جوڈیشل کمیشن اجلاس میں جسٹس اعجاز سواتی کو چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ نامزد کر دیا گیا۔ اطلاعات کے مطابق چیف جسٹس یحییٰ آفریدی کی زیر صدارت جوڈیشل کمیشن کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ کے لیے ...... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

تین ناموں پر غور کیا گیا۔ جاری اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ بلوچستان ہائی کورٹ کے چیف جسٹس کی نامزدگی کے لیے جوڈیشل کمیشن کا اجلاس دن 2 بجے سپریم کورٹ کانفرنس روم میں ہوا۔ جوڈیشل کمیشن نے کثرت رائے سے جسٹس اعجاز سواتی کو چیف جسٹس بلوچستان ہائیکورٹ نامزد کیا۔ واضح رہے کہ جسٹس اعجاز سواتی بطور قائم مقام چیف جسٹس بلوچستان خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔

# نصیر آباد' پولیس وسی آئی اے کی مشترکہ کارروائی' 4 ڈاکو گرفتار' 10 لاکھ برآمد

ڈاکو نیاز علی سوگی، ہندو تاجر سیتل کمار سے ڈکیتی کے دوران رقم لوٹ کر فرار ہوئے تھے

پولیس فورس ہر ممکن کوشش کر رہی ہے کہ جرائم پیشہ عناصر کا مکمل قلع قمع کیا جائے' اے ایس پی محمد اقبال طیب

نصیر آباد (نامہ نگار) ڈیرہ مراد جمالی سٹی پولیس اور سی آئی اے نے مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے سندھ بلوچستان کے مشہور چار ڈاکوؤں کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے دس 10 لاکھ پچاس ہزار برآمد کرلی ڈاکو دو ہفتے قبل نیاز علی سوگی اور ہندو تاجر سیتل کمار سے ڈکیتی کے دوران رقم لوٹ کر فرار ہوگئے تھے ڈاکوؤں کے قبضے سے سہائی کی موٹر سائیکل 04 ٹی ٹی پسٹل 4 میگزین برآمد' گرفتار ملزمان کے سہولت کار کا تعلق ڈیرہ مراد جمالی سے ہے انہیں ......... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

بھی جلد گرفتار کیا جائے گا تمام گرفتار ملزمان کا آپس میں رشتہ دار بھی ہیں گرفتار ملزمان سندھ اور بلوچستان پولیس کو چوری ڈکیتی کی مختلف وارداتوں میں ملوث تھے ان خیالات کا اظہار اے ایس پی نصیر آباد محمد اقبال طیب نے ایس ایچ او سٹی محمد عمر اعوان سی آئی اے انچارج بہادر خان ڈومکی کے ہمراہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر ایس ایچ او صدر مراد بھنگر ایس ایچ او نوتال مشتاق خان مغیری ہیڈ محرر ولی محمد رند ایس ایچ او عائشہ بی بی جاڑا خان سمیت انجمن تاجران ہندو برادری دکانداران تاجران کے رہنماؤں نے کثیر تعداد میں شرکت کی اور کامیاب کارروائی پر پولیس کے آفیسران اے ایس پی محمد اقبال طیب، ایس ایچ او سٹی محمد عمر اعوان اور سی آئی اے انچارج بہادر خان ڈومکی کو ہار پہنائے اے ایس پی محمد اقبال طیب نے کہا کہ ڈی آئی جی نصیر آباد رینج کیپٹن ریٹائرڈ عاصم خان اور ایس ایس پی نصیر آباد غلام سرور بھیو کی خصوصی ہدایات پر ہم نے سنیپ چیکنگ اور خفیہ اطلاع پر کامیاب کارروائی کرکے ڈاکوؤں اصغر علی بگلانی، محسن دین بگلانی۔ محمد حسن بگلانی اور صابر بگلانی کو گرفتار کرلیا جن کا تعلق سندھ سے ہے

# کوئٹہ میں گردوں کی پیوندکاری کا آپریشن شروع کر دیا' بنیق

مریض اپنی رجسٹریشن برائے انتقال گردہ ٹرانسپلانٹ ڈیسک بنیق میں جلد از جلد کروالیں' اعلامیہ

کوئٹہ (خ ن) ادارہ برائے امراض گردہ و مثانہ بلوچستان، کوئٹہ (بلوچستان انسٹی ٹیوٹ آف نیفرو یورالوجی کوئٹہ (بنیق) کے جاری کردہ اطلاع کے مطابق بلوچستان انسٹی ٹیوٹ آف نفرو یورالوجی میں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن اور صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ اور سیکرٹری صحت مجیب الرحمان کی رہنمائی میں ادارہ ہذا نے گردوں کی پیوندکاری ......... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

کے آپریشن ہیومن آرگن ٹرانسپلانٹ ایکٹ کے مطابق شروع کر دیا ہے اس سے قبل صوبہ بھر کے مریض گردوں کی پیوندکاری کے لئے لاکھوں روپے کے اخراجات کر کے دوسرے صوبوں سے علاج کروانے پر مجبور تھے جبکہ اب یہ سہولت ان کے اپنے صوبہ بلوچستان میں مفت فراہم کی جاری ہے۔ بنیق انتظامیہ بلوچستان میں تمام گردوں کے مریضوں کو اطلاع دیتی ہے کہ وہ اپنی رجسٹریشن برائے انتقال گردہ ٹرانسپلانٹ ڈیسک بنیق میں جلد از جلد کروالیں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 20 MAY 2025 Page No. 18

## بحرانوں سے نکلنے کیلئے صوبے کے لوگ سیاست کی تشکیل نو کریں، لشکری رئیسانی

**حقیقی سیاسی قیادت کو ختم کرکے پارٹیاں ایجاد کی گئیں جو وسائل لوٹنے کیلئے سیاست کررہی ہیں**

کراچی/کوئٹہ (آن لائن) سینئر سیاست دان وسابق سینیٹر نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں حقیقی سیاسی قیادت کو ختم کرکے پارٹیاں ایجاد کرکے اسمبلی میں کو منتخب کیا گیا ہے، یہ جماعتیں قومی اور اجتماعی حقوق کیلئے نہیں صوبے کے وسائل لوٹنے کیلئے سیاست کررہی ہیں صوبے کے لوگ اپنے اجتماعی شعوری فیصلے سے بحرانوں سے نکلنے کیلئے سیاست کی تشکیل نو کریں۔ یہ بات انہوں نے کراچی کی نجی یونیورسٹی میں پارلیمنٹ اور آئین کی بالادستی میں سیاسی جماعتوں کے کردار کے عنوان سے ہونے والے مذاکرے سے ویڈیو لنک خطاب، شرکا کے سوالوں کا جواب دیتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی پارٹیاں اور قیادت پارلیمان، آئین کی بالادستی کی بجائے مختلف ناموں، جھنڈوں اور نام نہاد منشور کی آڑ میں سیاست کے نام پر ڈرامہ کررہی ہیں اور لوگوں کو الجھائے رکھنے کیلئے ایشوز تخلیق کیے جاتے ہیں۔ بلوچستان میں ایک منصوبہ بندی کے تحت حقیقی سیاسی قیادت کو ختم کرکے پارٹیاں ایجاد کرکے کچھ کو اسمبلی میں کو منتخب کیا گیا ہے۔

## فعال و منظم تنظیم سے ہی قومی معاشی مسائل سے نجات ممکن ہے، اے این پی

**پارٹی کی بنیادی اکائی سے لیکر مرکز تک جمہوری رائے پر یقین رکھتے ہیں، مابت کاکا اور دیگر کا خطاب**

کوئٹہ (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ کچلاک عوامی نیشنل پارٹی کا گڑھ چلا آرہا ہے یہ فعال و منظم تنظیم ہی کی بدولت درپیش سنگین قومی معاشی مسائل سے نجات ممکن ہے فخر باچاخان کو یہ امتیاز حاصل ہے کہ پشتون افغان تاریخ میں سب سے موثر صد سالہ سیاسی قومی جدوجہد کو دوام دیئے ہوئے ہیں اور یہ سب تنظیم کی مرہون منت ہے۔ لہٰذا بنیادی یونٹ سے لیکر تحصیل ضلع کی سطح پر تنظیمی ربط کو موثر بنانے کیلئے آئینی دائرے کار میں رہتے ہوئے اولس سے قریبی روابط کو موثر بنایا جائے نو منتخب تحصیل صدر اجمل خان کاکڑ جنرل سیکرٹری ملک سکانزکاسی اور ان کی پوری کابینہ کو منتخب ہونے پر مبارکباد پیش کرتے ہیں ان خیالات کا اظہار عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی جنرل سیکرٹری مابت کاکا رکن صوبائی اسمبلی ملک نعیم خان بازئی ضلعی صدر شاہ اللہ کاکڑ صوبائی نائب صدر جمال الدین رشتیا ضلعی جنرل سیکرٹری حمزہ کاکڑ تحصیل کچلاک نو منتخب صدر اجمل خان کاکڑ اور ملک نگین مہترزئی نے خدائی خدمتگار مرکز جلیلی میں تحصیل کچلاک کونسل سیشن کے شرکا سے خطاب کے دوران کیا کونسل سیشن میں اجمل کاکڑ تحصیل کچلاک کیلئے صدر ملک سکانزکاسی جنرل سیکرٹری جبکہ ملک آصف مہترزئی سینئر نائب صدر منتخب قرار پائے کونسل سیشن زیر صدارت ضلعی صدر شاہ اللہ کاکڑ منعقد ہوا جس میں کونسل کے اراکین نے کثیر تعداد میں شرکت کی کونسل کے ارکان نے اپنے رائے کا استعمال کیا اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ عوامی نیشنل پارٹی ملکی سطح کیساتھ ساتھ پارٹی کی بنیادی اکائی سے لیکر مرکز تک جمہوری رائے پر یقین رکھتی ہے ضلع تحصیل اور بنیادی یونٹوں کی سطح پر فعال و منظم تنظیم ازحد ضروری ہے۔

MASHRIQ QUETTA

## صحبت پور کے صحافیوں نے سرکاری خبروں کا بائیکاٹ کردیا

**وجہ انتظامیہ کا صحافیوں کے ساتھ ناروا سلوک اور معلومات تک رسائی نہ دینا ہے**

فرید آباد (نامہ نگار) بلوچستان کے صحافی کٹھن حالات میں اپنا فریضہ سرانجام دے رہے ہیں حکومتی سطح پر صحافیوں کی فلاح و بہبود کیلئے کوئی خاص اقدامات نہیں کیے جاتے، افسر شاہی جن میں اکثر کی یہ کوشش ہوتی ہے کہ اگر اچانک کسی صحافی کا کوئی مسئلہ ہو ........ بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

جاتا ہے تو اسے نقصان پہنچانے کی پوری کوشش کرتے ہیں تاکہ وہ طاقتور بن کر آئینہ نا دکھا دے۔ ڈپٹی کمشنر صحبت پور کی ناروا رویے کی وجہ سے ڈسٹرکٹ یونین آف جرنلسٹس صحبت پور اگی سرکاری خبروں کا بائیکاٹ کرتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار ڈسٹرکٹ یونین آف جرنلسٹس صحبت پور کے صدر جمل خان بلوچ نے ضلع بھر کی صحافتی تنظیم کے جنرل باڈی کے اجلاس سے خطاب میں کیا انہوں نے حکومت بلوچستان صحافیوں کی فلاح و بہبود اور ان کے لیے رہائشی کوارٹرز کے علاوہ علاقائی سطح پر کام کرنے والے صحافیوں کے لیے پریس کلب کی بلڈنگز کے لیے خصوصی گرانٹ کا اعلان کرے۔ منعقدہ اجلاس میں ضلع صحبت پور کے 7 پریس کلبوں جن میں ڈسٹرکٹ پریس کلب صحبت پور۔ عوامی پریس کلب صحبت پور۔ پریس کلب ہی پور۔ پریس کلب فرید آباد، تحصیل پریس کلب ہی پور۔ تحصیل پریس کلب پہنور سنہوی اور صحبت پور کے صحافیوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی اجلاس میں مشترکہ طور پر یہ بھی فیصلہ کیا گیا کہ ڈپٹی کمشنر صحبت پور کا صحافیوں کے ساتھ ناروا سلوک جن میں صحافیوں کو سرکاری طور پر ہونے والے پروگراموں میں شرکت کی

INTEKHAB QUETTA

## اپنے دور اقتدار میں امن وامان کی خراب صورتحال بہتر بنائی، مالک بلوچ

**بہتر معاشرے کی تشکیل کیلئے عوامی سطح پر سیاسی شعور بیدار کرنے کی ضرورت ہے، شعوری سیاست ہی سماجی تبدیلی کی ضامن ہے**

**بلوچستان میں ٹیلنٹ کی کمی نہیں، نوجوانوں نے ملکی اور عالمی سطح پر اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا ہے، وفد سے بات چیت**

کوئٹہ (آن لائن) سابق وزیراعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا ہے کہ بہتر معاشرے کی تشکیل کے لئے عوامی سطح پر سیاسی شعور بیدار کرنے کی ضرورت ہے۔ شعوری سیاست ہی سماجی تبدیلی کی ضامن ہے، بلوچستان میں ٹیلنٹ کی کمی نہیں ہمارے نوجوانوں نے نہ صرف ملکی بلکہ بین الاقوامی سطح پر اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے بلوچستان ریفارمز کے وفد سے ملاقات کے موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کیا وفد میں بلوچستان ریفارمز کے نائب صدر ڈاکٹر فرحت حسین بقیہ نمبر 71 صفحہ 5 پر

، فائزہ سکندر، فاریہ بتول، بشریٰ میروانی، فردوس ایڈووکیٹ رخسانہ کاکڑ ایڈووکیٹ ایسٹر جیک ایڈووکیٹ نورین فاطمہ، فائزہ شکیل، حمیدہ بانو، صائمہ مندوخیل شاہ محمد عمرانی ایڈووکیٹ رقیہ شاہوانی شامل تھے اس موقع پر نیشنل پارٹی کے مرکزی نائب صدر ڈاکٹر اسحاق بلوچ، مرکزی ترجمان علی احمد لانگو، فردوس بلوچ و دیگر بھی موجود تھے سابق وزیراعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا کہ بلوچستان ہم سب کا مشترکہ گھر ہے اس کی تعمیر و ترقی کے لئے ہر بلوچستانی کو اپنا کردار ادا کرنا ہے انہوں نے کہا کہ سیاسی جماعتوں کی عوامی و تعمیری ترجیحات ہوتی ہے۔ نیشنل پارٹی نے اپنے دور اقتدار میں امن وامان کی خراب صورتحال کو بہتر کیا۔ میرٹ کو مقدم رکھا میڈیکل کالجز اور یونیورسٹیز بنائیں۔ جن سے طلباء و طالبات استفادہ کررہے ہیں۔ دور جدید کے چیلنجز کا مقابلہ صرف تعلیم سے ہی کیا جاسکتا ہے انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کو حقیقی سیاسی جماعتوں کا حصہ بنا ہوگا۔ اور سیاسی جدوجہد کو جاری رکھتے ہوئے بہتر مستقل دوامی ترقی کو یقینی بنانا ہے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5 Dated: 20 MAY 2025 Page No. 21

## کلی ہنگوئی و ملحقہ علاقوں کے 4 ٹیوب ویلز خراب لاکھوں کی آبادی پانی سے محروم

### ٹیوب ویل خرابی کے باعث علاقے میں ٹینکر مافیا کا راج قائم ہے ٹینکر 3 ہزار روپے میں فروخت ہو رہا ہے

بزرگ، خواتین و بچے ہاتھ ریڑھی کے ذریعے پانی لانے پر مجبور ہیں، مزمل احمد، چاکر خان، احمد جان، نجیب محمد حسنی، عالم ہنگوئی کی مشرق سروے ٹیم سے بات چیت

کوئٹہ (ای پی رپورٹر) کروڑوں روپے خرچ ہونے کے باوجود محکمہ پی ایچ ای کوئٹہ کے عوام کو مناسب پانی کی فراہمی اور ٹیوب ویلز کی بروقت مرمت نہ کی جا سکی، عوام نے محکمہ پی ایچ ای کیخلاف احتجاجی تحریک چلانے کا اعلان کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، چیف سیکرٹری بلوچستان قادر خان، سیکرٹری پی ایچ ای سے نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے، مشرق سروے ٹیم سے بات چیت کرتے ہوئے سربراہ نیو کلی ہنگوئی واپڈا گرڈ، کلی کمرانی، کلی مستقی آباد، کلی کمرانی و دیگر علاقوں کے مکین مزمل احمد، چاکر خان، احمد جان، نجیب محمد حسنی، عالم ہنگوئی و دیگر نے بتایا ہے کہ مذکورہ بالا علاقوں میں 4 پی ایچ ای کے ٹیوب ویلز ہیں جو کہ عرصہ دراز سے غیر فعال ہیں۔ کلی ہنگوئی ٹیوب ویل دو مہینے سے خراب تھی، بڑی محنت تگ و دو کے بعد گزشتہ روز ان کی مرمت کا کام شروع ہو گئی ہیں تکمیل ہونے پر میڈیا والوں کو دوبارہ آگاہ کریں گے اس کے علاوہ کلی بی بی آنا زیارت، کلی مستقی آباد، کلی کمرانی یعنی ہر علاقے میں ایک ایک ٹیوب ویل ہیں جو کہ عرصہ دراز سے خراب ہیں جن کی مرمت تاحال نہ ہو گی۔ انہوں نے بتایا کہ ہمارے اس حلقہ میں تقریباً 1500 سے لیکر لگ بھگ 2000 گھرانے آباد ہیں بڑی نفوس کے باوجود عوام پینے کے صاف پانی سے محروم ہیں، ٹیوب ویلز کے چھوٹے چھوٹے مسئلے ہوتے ہیں ان کی مرمت میں سالوں کا عرصہ بھی لگ جاتی ہیں، محکمہ پی ایچ ای اس پر کوئی توجہ نہیں دی جا رہی ہے، جس کی وجہ سے عرصہ دراز سے ٹیوب ویل خراب رہتی ہیں، اور ٹیوب ویل خرابی کے باعث ٹینکر مافیا کا راج قائم رہتا ہے فی ٹینکر کی قیمت 3000 روپے سے بھی تجاوز اختیار کر گیا ہے جبکہ پانی غریب عوام پر فروخت ہونے کے باعث غریب گھرانوں سے تعلق رکھنے والے خواتین بچے بزرگ ہتھ ریڑھی گیلن اور ڈبوں کے ذریعے پانی لانے پر مجبور ہیں، انہوں نے بتایا کہ علاقے کے ایم پی اے جب سے منتخب ہوا ہے اب تک علاقے کے کئی بار دورے کر چکے ہیں اعلانات کئے سارے بنیادی مسائل حل کرنے کی یقین دہانی کرائی گئی ہیں لیکن عملی بنیادوں پر اب تک کچھ بھی نہ ہو سکے سارے وعدے اعلانات ہی کے نظر ہو گئے ہیں۔ انہوں نے آخر میں وزیر اعلیٰ بلوچستان، چیف سیکرٹری بلوچستان اور دیگر اعلیٰ حکام سے سنگین نوعیت کے اس اہم مسئلہ پر نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔





INTEKHAB QUETTA

## محمد تاوہ میں زیر التواء سڑک کے پلوں کی غیر معیاری کام کا نوٹس لیا جائے، عوامی حلقے

کوئٹہ (آن لائن) قلات کے دیہی علاقہ محمد تاوہ کی زیر التواء سڑک کا کام طویل عرصے بعد شروع ہو گیا ہے لیکن مذکورہ ٹھیکیدار آبی گزرگاہوں اور پلوں کی تعمیر میں ناقص میٹریل اور پلوں کی تعمیر کو قواعد و ضوابط سے ہٹ کر چھوٹے بنا رہے ہیں جس سے پل پانی کا دباؤ برداشت نہیں کر سکے گا اور ٹوٹ جائے گا بڑے بڑے آبی گزرگاہوں پر چھوٹے چھوٹے پائپ استعمال کیا جا رہا ہے سہولت کی بجائے لوگوں کی مشکلات میں مزید اضافہ ہوگا۔ عوامی حلقوں نے مطالبہ کیا ہے کہ کام کے معیار کو بہتر اور پلوں کو پانی کے بہاؤ کے مطابق کشادہ بنایا جائے تاکہ پلوں کے ٹوٹنے کا خطرہ نہ ہو۔ پلوں کے کام میں ناقص میٹریل استعمال کر کے پیسے کرپشن کے ذریعے ٹھکانے لگانے کا منصوبہ شروع ہے جس سے ٹھیکیداروں کو فائدہ زیادہ اور لوگوں کیلئے مستقبل میں مشکلات زیادہ ہوں گے۔ عوامی حلقوں نے مطالبہ کیا کہ آبی گزرگاہوں پلوں کو کشادہ بنا کر ناقص میٹریل کا نوٹس لیا جائے۔

## چاغی کے گرین بیلٹ لشکرآپ اور گردونواح کے علاقے بجلی سے محروم

چاغی (نامہ نگار) چاغی کے گرین بیلٹ لشکرآپ اور گردونواح کے علاقے بجلی سے محروم ہیں حکام نوٹس لیں تفصیلات کے مطابق ایم این اے رخشان کی بے توجہی پر لشکرآپ سمیت ضلع چاغی کے عوام سراپا احتجاج، ضلع چاغی کے سرسبز علاقے لشکرآپ کو آج بھی بجلی جیسی بنیادی سہولت میسر نہیں۔ اگرچہ چاغی شہر سے چار سر تک بجلی کی ترسیل ممکن ہے، لیکن لشکرآپ جو امین آباد کی طرح چاغی کا زرعی گرین بیلٹ شمار ہوتا ہے، مکمل طور پر محرومی کا شکار ہے۔ اہلیان لشکرآپ اور ضلع بھر کے عوام کا کہنا ہے کہ بجلی و توانائی وفاقی حکومت کے دائرہ کار کے تحت آتا ہے۔ لیکن افسوس کہ کامیابی کے بعد موصوف ایم این اے نے چاغی کا رخ تک نہیں کیا۔ عوام کا شکوہ ہے کہ عثمان بادینی، جو رخشان ڈویژن سے منتخب ہوئے، نے چاغی کے عوام کو نظرانداز کر رکھا ہے۔ یہی نہیں بلکہ جن لوگوں نے انتخابات میں ان کا بھرپور ساتھ دیا، ان کے ووٹرز اور حتیٰ کہ جمعیت علماء اسلام کے کارکنان بھی ان سے ملنے سے قاصر ہیں۔ عوامی حلقے اور کارکنان جمعیت نے مرکزی قیادت بالخصوص جمعیت علماء اسلام پاکستان اور بلوچستان کی قیادت سے اپیل کی ہے کہ وہ عثمان بادینی کو عوامی مسائل میں دلچسپی لینے اور لشکرآپ سمیت ضلع چاغی کی محرومیوں کا ازالہ کرنے کا پابند کریں۔ عوامی حلقوں نے فوری طور پر لشکرآپ کو بجلی فراہم کی جائے اور عثمان بادینی عوامی نمائندے کے طور پر اپنی ذمے داریاں نبھائیں، نہ کہ خاموش تماشائی بنے رہیں۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 5 Dated 20 MAY 2025 Page No. 22


## دہشت گردی کے واقعات

بلوچستان کے ضلع قلعہ عبداللہ بازار میں اتوار کے روز نصب کئے گئے بم دھماکے میں 4 افراد جاں بحق اور 20 زخمی ہو گئے۔ لیویز ذرائع کے مطابق واقعہ میں متعدد دکانیں گر گئیں اور کئی ایک کو آگ لگ گئی۔ دھماکے کے بعد مسلح افراد اور ایف سی اہل کاروں میں فائرنگ کا تبادلہ ہوا۔ علاقے میں ایمرجنسی سہولیات کی کمی کے باعث زخمیوں کو کوئٹہ منتقل کرنا پڑا۔ اسی روز ضلع پنجگور میں ہونیوالے فائرنگ کے دو الگ الگ واقعات میں دہشت گردوں کے ہاتھوں تین افراد کے جاں بحق ہونے کی اطلاع ہے۔ فائرنگ کے ضمن میں اس سے قبل بھی صوبے میں مختلف واقعات دیکھے جا چکے ہیں جبکہ موجودہ صورتحال مزید باعث تشویش دکھائی دیتی ہے، کیونکہ دوروز قبل قلات کے علاقے کلی کمی میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے خاتون سمیت دو افراد جاں بحق ہوئے۔ کچھ عرصہ سے صوبے کے سرحدی علاقوں میں ہونے والی دہشت گردی میں بھی ایسے ہی شواہد دیکھنے کو ملے ہیں۔ وزیر دفاع خواجہ محمد آصف کے خدشات کی روشنی میں بھارت آنیوالے دنوں میں ملک کے مختلف شہروں میں دہشت گردی کروا سکتا ہے، جس میں دشمن بم دھماکوں، خودکش حملوں اور فائرنگ کو ہتھیار بنا سکتا ہے۔ ملک کے سیکورٹی ادارے اور انکے اہل کار اور افسران پہلے ہی جاں فشانی کیساتھ ملک بھر، بالخصوص بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں سرگرم عمل ہیں۔ حالیہ دنوں میں افغانستان میں چھپے ہوئے دہشت گردوں کے سہولت کاروں کے بھارتی حکومت سے روابط کی اطلاعات سامنے آئی ہیں، جس سے یہ واضح ہونے میں مدد ملتی ہے کہ کالعدم ٹی ٹی پی آنے والے دنوں میں پاکستان میں دراندازی سمیت دہشت گردی کی کارروائیوں میں اضافہ کرسکتی ہے۔ بھارت سب سے زیادہ بلوچستان میں مذموم کارروائیوں میں ملوث ہے۔ امید واثق ہے کہ سیکورٹی ادارے ایسے تمام امکانات کے یکسر خاتمے کو یقینی بنائیں گے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 20 MAY 2025 Page No. 23

## آئندہ مالی سال کا بجٹ: وفاق اور صوبائی حکومت کے لئے چند تجاویز

اس وقت بلوچستان سمیت باقی صوبوں اور مرکز میں بجٹ سازی کا عمل جاری ہے یہ ایک اہم موقع ہے کہ وفاقی اور صوبائی حکومتیں اپنی ترجیحات کا نئے سرے سے تعین کریں اور عوامی امنگوں کے مطابق پالیسیاں وضع کریں۔ بلوچستان، جو کہ قدرتی وسائل سے مالا مال ہونے کے باوجود پسماندگی کا شکار ہے، خصوصی توجہ کا مستحق ہے ہم چاہتے ہیں کہ ان سطور میں وفاقی حکومت کو عام آدمی کی ریلیف و آسانی اور بلوچستان کی تعمیر و ترقی کے عمل کو تیز تر بنانے کے لئے تجاویز دیں۔ بلوچستان کی ترقی کو تیز کرنا، پیداواری شعبوں کو مضبوط بنانا، آمدن اور اخراجات میں توازن لانا، اور بالخصوص عام آدمی کے مسائل اور مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے انہیں ریلیف فراہم کرنا ان تجاویز کا محور و مرکز ہے اور سب سے پہلی تجویز بلوچستان کے لئے خصوصی فنڈ کے قیام کی ہے بلوچستان کی دیرینہ محرومیوں اور ترقیاتی چیلنجز کے پیش نظر، یہ اشد ضروری ہے کہ وفاقی بجٹ میں ایک بلوچستان ترقیاتی فنڈ شامل کیا جائے اس فنڈ کا مقصد صوبے میں پائیدار ترقی کے اہداف کا حصول، بنیادی ڈھانچے کی تعمیر، اور سماجی شعبوں کی بہتری کے لئے وسائل فراہم کرنا ہو۔ اس خصوصی فنڈ میں بنیادی ڈھانچے یعنی سڑکوں، پلوں، مواصلاتی نظام، توانائی کے منصوبوں، اور آبپاشی کے نظام کی تعمیر و توسیع کے لئے خاطر خواہ وسائل مختص کئے جائیں۔ گوادر پورٹ اور سی پیک کے تحت جاری منصوبوں کی بروقت تکمیل کو یقینی بنایا جائے بلوچستان ترقیاتی فنڈ میں بنیادی کردار وفاقی حکومت کا ہو تاہم اس میں بلوچستان حکومت بھی اپنا حصہ ڈالے اور بلوچستان میں تعلیمی نظام کو بہتر بنانے کے لئے اسکولوں کی تعمیر و مرمت، اساتذہ کی تربیت، اور جدید تعلیمی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنائے وظائف کے ذریعے صوبے کے مزید ہونہار طلباء کو اعلیٰ تعلیم کے مواقع فراہم کئے جائیں صحت کے شعبے میں موجودہ ہسپتالوں کی اپ گریڈیشن، طبی عملے کی تربیت، اور ادویات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔ دور دراز علاقوں تک صحت کی سہولیات کی رسائی کو ممکن بنانے کے لئے موبائل ہیلتھ یونٹس، صوبے میں پینے کے صاف پانی کی فراہمی اور نکاسی آب کے نظام کو بہتر بنانے کے لئے خصوصی فنڈز مختص کئے جائیں۔ حفظان صحت کے اصولوں کے بارے میں آگاہی مہم چلائی جائے اس خصوصی فنڈ کے مؤثر استعمال کو یقینی بنانے کے لئے ایک شفاف اور قابل احتساب میکانزم وضع کیا جائے جس میں صوبائی حکومت اور مقامی اسٹیک ہولڈرز کی مشاورت شامل ہو۔ بلوچستان میں زراعت، ماہی گیری، کان کنی، اور معدنیات جیسے پیداواری شعبوں میں بے پناہ صلاحیت موجود ہے جس کو بروئے کار لا کر صوبے کی معیشت کو مضبوط بنایا جا سکتا ہے۔ آئندہ بجٹ میں ان شعبوں کی ترقی کے لئے خصوصی اقدامات اٹھائے جائیں آبپاشی کے نظام کو جدید اور بہتر بنایا جائے کسانوں کو مالی امداد اور تربیت کے منصوبے شروع کئے جائیں چھوٹے ڈیموں اور آبی ذخائر کی تعمیر پر توجہ دی جائے، زرعی تحقیق کے اداروں کو مضبوط بنایا جائے تاکہ مقامی حالات کے مطابق فصلوں کی نئی اقسام تیار کی جا سکیں زرعی مصنوعات کی مارکیٹنگ کے لئے بہتر انفراسٹرکچر اور منڈیوں کا قیام عمل میں لایا جائے۔ فوڈ پروسیسنگ یونٹس لگا کر زرعی اجناس کی ویلیو ایڈیشن کو فروغ دیا جائے چھوٹے اور متوسط کسانوں کو آسان شرائط پر قرضے اور مالی امداد فراہم کی جائے تاکہ وہ اپنی پیداواری صلاحیت کو بڑھا سکیں ماہی گیری کی صنعت کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے لئے کام کیا جائے پائیدار ماہی گیری کے طریقوں کو فروغ دیا جائے تاکہ سمندری حیات کا تحفظ یقینی بنایا جا سکے مچھلی کی پروسیسنگ اور کولڈ اسٹوریج کی سہولیات قائم کی جائیں بلوچستان کی مچھلی کی برآمدات کو بین الاقوامی منڈیوں تک رسائی دلانے کے لئے اقدامات کئے جائیں معدنی شعبے اور بالخصوص کان کنی کی صنعت کی حالت زار بدلنے کے لئے فنڈز مختص کئے جائیں صوبے میں موجود معدنی ذخائر کی نشاندہی اور ان کی مقدار کا تعین کرنے کے لئے جدید سروے اور ایکسپلوریشن کی جائے تاکہ ان کو مؤثر طریقے سے استعمال کیا جا سکے کان کنی کے شعبے میں شفافیت اور ماحولیاتی تحفظ کو یقینی بنانے کے لئے سخت ضوابط نافذ کئے جائیں مقامی آبادی کے حقوق کا بھی تحفظ کیا جائے اور کسی کو رخنہ ڈالنے کی بھی اجازت نہ دی جائے خام معدنیات کی بجائے ان کی مقامی سطح پر پروسیسنگ اور ویلیو ایڈیشن کو فروغ دیا جائے تاکہ روزگار کے مواقع پیدا ہوں اور صوبے کی آمدنی میں اضافہ ہو کان کنی کے شعبے میں ملکی اور غیر ملکی سرمایہ کاری کو راغب کرنے کے لئے سازگار ماحول پیدا کیا جائے اسی طرح چھوٹے اور درمیانے درجے کی صنعتوں کے قیام کے لئے مراعات اور آسان قرضے فراہم کئے جائیں۔ خصوصی اقتصادی زونز کا قیام عمل میں لایا جائے بلوچستان کے سیاحتی مقامات کو ترقی دی جائے اور سیاحوں کے لئے سہولیات فراہم کی جائیں۔ مقامی ثقافت اور ورثے کو اجاگر کیا جائے قابل تجدید توانائی کے ذرائع سے بجلی کی پیداوار کے منصوبوں پر توجہ دی جائے۔ بجٹ چونکہ کسی بھی حکومت کی پالیسیوں اور گورننس کے طریق کار کا سب سے واضح اور شفاف آئینہ ہوتا ہے اس لئے حکومت کے لئے یہ انتہائی اہم ہے کہ وہ اپنی آمدن اور اخراجات میں توازن برقرار رکھے ٹیکس کے نظام کو مؤثر بنایا جائے اور ٹیکس چوری کی روک تھام کے لئے سخت اقدامات کئے جائیں۔ غیر ضروری ٹیکس چھوٹ ختم کی جائیں۔ قدرتی وسائل سے حاصل ہونے والی آمدنی میں صوبے کا جائز حصہ یقینی بنایا جائے غیر ضروری سرکاری اخراجات کو کم کیا جائے۔ کفایت شعاری کی پالیسی اپنائی جائے۔ ترقیاتی منصوبوں میں فنڈز کا مؤثر استعمال یقینی بنایا جائے اور ضیاع کو روکا جائے ساتھ ہی ساتھ آئندہ مالی سال کے بجٹ میں عام آدمی کے مسائل اور مشکلات کو خصوصی اہمیت دی جانی چاہئے تاکہ انہیں ریلیف فراہم کیا جا سکے اور مایوسی سے بچایا جا سکے۔ یہ وہ چیدہ چیدہ تجاویز ہیں جو ہم نے ان سطور میں دیں اب ضرورت اس امر کی ہے کہ بلوچستان حکومت ان تجاویز کی روشنی میں اپنا لائحہ عمل بنائے محکمہ خزانہ، پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ اسی تناظر میں وفاق کے ساتھ کوآرڈی نیشن کو مزید مؤثر اور نتیجہ خیز بنائے صوبائی حکومت کو اگلے مالی سال کی وفاقی پی ایس ڈی پی سے متعلق ہماری فقط ایک ہی تجویز ہے کہ مختلف ایم این ایز کے دباؤ پر چھوٹی چھوٹی سکیمات وفاقی پی ایس ڈی پی میں ہرگز نہ ڈالی جائیں بلکہ میگا پراجیکٹس جن سے پورے صوبے کے عوام مستفید ہوں انہیں پی ایس ڈی پی میں شامل کرنے کے لئے وفاقی حکومت سے رابطہ کیا جائے بھلے کم سکیمات ہوں مگر یہ سکیمات ایسی ہونی چاہئیں جن کی تکمیل سے صوبے میں تعمیر و ترقی کے ایک نئے دور کی شروعات ہوں اور عوام کی طرز زندگی میں مثبت بدلاؤ لایا جا سکے۔

**CLIPPING SERVICE**

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 20 MAY 2025 Page No. 24

# بلوچستان حکومت کا بولان میڈیکل کمپلیکس کالج کیلئے اہم منصوبے، قابل ستائش اقدام!

بلوچستان میں صحت اور تعلیم جیسے اہم اداروں پر توجہ دینا بہت ضروری ہے چونکہ دونوں شعبوں کی بہتری سے عوام براہ راست مستفید ہوتے ہیں۔ انسانی وسائل پر رقم خرچ کرنے کا مقصد ایک باشعور طبقہ پیدا کرنے کے ساتھ صوبے کے نوجوانوں کو ہر میدان میں قابل اور لائق بنانا ہے جو تعلیم کے بغیر ممکن نہیں۔ موجودہ صوبائی حکومت خاص کر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے ذاتی کاوشوں اور محنت سے بلوچستان میں واضح اور نمایاں مثبت تبدیلیاں دیکھنے کو مل رہی ہیں۔ تعلیم اور صحت کے شعبے میں نہ صرف اصلاحات لائی جارہی ہیں بلکہ ان کی بہتری کیلئے اہم منصوبے بھی دیئے جارہے ہیں جس سے بلوچستان کے نوجوانوں کا مستقبل شاندار بنے گا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے گزشتہ دنوں بولان میڈیکل کمپلیکس کالج کوئٹہ کا دورہ کیا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے کالج میں کئی اہم منصوبوں کا افتتاح کیا اور سنگ بنیاد رکھا۔ وزیراعلیٰ نے طلباء وطالبات کے ہاسٹلز کی تزئین وآرائش، فٹبال گراؤنڈ، طلباء کی کالج میں انٹری سے متعلق بائیومیٹرک نظام کا افتتاح کیا۔ وزیراعلیٰ نے کالج کی نئی لائبریری کا سنگ بنیاد رکھا اور زیر تعمیر کرکٹ گراؤنڈ کا معائنہ کیا اور کالج کی لیبارٹری، آڈیٹوریم، پارک، کنٹرول روم اور کیفٹیریا کا بھی معائنہ کیا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اس ادارے نے بہترین ڈاکٹر پیدا کئے ہیں۔ صوبائی حکومت تمام شعبوں میں امور کی بطریق احسن روانی کو یقینی بنارہی ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ طلباء اور فیکلٹی ممبران کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرینگے۔ جب ہم شفافیت کو چھوڑ کر پسند ناپسند کی بنیاد پر فیصلے کرتے ہیں تو امور کی بہتر انجام دہی متاثر ہوتی ہے۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کا کہنا تھا کہ جب سے حکومت سنبھالی ہے اس وقت سے صحت اور طبی سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح رہی ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے کالج کی بہترین تزئین وآرائش پر صوبائی وزیر صحت اور تمام متعلقہ اداروں کی تعریف کی جبکہ وزیراعلیٰ نے پرنسپل بی ایم سی کالج کو آئندہ بھی مکمل مالی تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ بہرحال صحت جیسے اہم شعبے کیلئے بہترین منصوبوں سے ہمارے نوجوان بھرپور فائدہ اٹھائینگے، بی ایم سی نے بہترین ڈاکٹر پیدا کئے ہیں جو آج صوبے میں اپنی خدمات پیش کررہے ہیں۔ یہی ڈاکٹر بیرون ممالک جاکر مزید اپنی تعلیم کو جاری رکھتے ہوئے بہترین سرجن بنیں گے جو صوبے کے عوام کی خدمت کرینگے۔ سرکاری سطح پر اسپتالوں کی بہتری بھی ضروری ہے جن میں مختلف موذی امراض کا علاج بھی ممکن ہوسکے جس طرح دیگر صوبوں کے بڑے سرکاری اسپتالوں میں علاج معالجے سمیت تمام تر سہولیات موجود ہیں۔ امید ہے کہ مستقبل میں بلوچستان میں سرکاری اسپتالوں میں بہتری آئے گی جس سے عوام مستفید ہونگے۔ بی ایم سی میں اسٹوڈنٹس کیلئے کھیل، لائبریری سمیت دیگر سہولیات کیلئے اقدامات قابل تعریف ہیں۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MEEZAN QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 20 MAY 2025

Page No. 25


## سرکاری ہسپتالوں میں ادویات کی فراہمی یقینی؟

یہ بات حقیقت پر مبنی ہے کہ صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں قائم سرکاری ہسپتالوں میں مریضوں کو ادویات بالکل نہیں ملتیں جس کے باعث وہ بازار سے ادویات خریدنے پر مجبور ہیں کیونکہ انہوں نے اپنا علاج کروانا ہوتا ہے۔اس سلسلے میں اس سے قبل بھی ان ہی سطور میں بار بار اس اہم مسئلے کا ذکر کیا گیا ہے۔ہسپتالوں میں ادویات کی عدم فراہمی پر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے بھی اظہار خیال کرتے ہوئے بتایا کہ حکومت اس مد میں محکمہ صحت کو ایک خطیر رقم دیتی ہے لیکن معلوم نہیں کہ یہ رقم کہاں خرچ ہوتی ہے۔سرکاری ہسپتالوں میں ادویات کی عدم فراہمی کا مسئلہ کیوں حل نہیں ہو رہا یہ بلاشبہ ایک بڑا سوالیہ نشان ہے؟۔کیونکہ حکومت ہر سال بجٹ میں محکمہ صحت کے فنڈ میں اضافہ کرتی ہے لیکن اس کا فائدہ براہ راست عوام کو نہ ہونا لمحہ فکریہ ہے۔

گزشتہ روز صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے ایک بار پھر دعویٰ کیا ہے کہ سرکاری ہسپتالوں میں ادویات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے گا۔اس سلسلے میں کوئی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے کوتاہی اور غفلت برتنے والوں کے خلاف محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔سرکاری ہسپتالوں میں مفت ادویات کی فراہمی صوبائی حکومت کی اولین ترجیح ہے۔انہوں نے آئندہ بجٹ میں عوامی سکیمات شامل کرنے اور عوام کے مسائل ان کی دہلیز پر حل کرنے کی بات بھی کی ہے۔

ہم سمجھتے ہیں کہ صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ کا مذکورہ بیان اس سے قبل اس سلسلے میں دیئے گئے بیانات کا تسلسل لگتا ہے کیونکہ ان بیانات پر عمل درآمد نہیں ہو رہا۔ہسپتالوں میں ادویات کی عدم فراہمی کا سلسلہ جاری ہے۔ایسے میں صوبائی وزیر صحت کو بار بار اپنا بیان دہرانے کی بجائے محکمے میں اس بات کا پتہ لگانا چاہیئے کہ ادویات کی مد میں ایک خطیر رقم ملنے کے باوجود ادویات کی فراہمی کیوں نہیں ہو رہی۔ان کو اس اہم معاملے کی تحقیقات کرکے ایسے افراد کے خلاف سخت کارروائی کرنی چاہیئے۔جو اس اہم کام میں رکاوٹ بن رہے یا اپنے فرائض صحیح انجام نہیں دے رہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6

Dated: 20 MAY 2025 Page No. 26

# Saving public parks

Balochistan's provincial capital suffers from a severe dearth of standard public parks, leaving its citizens, particularly families and children, deprived of essential havens for recreation, relaxation, and connection with nature. This critical deficiency, repeatedly highlighted in these very pages, continues to be met with a disheartening lack of meaningful action from the authorities entrusted with the well-being of this city. The absence of well-maintained parks in an urban environment has far-reaching consequences. Parks are not mere aesthetic additions; they are integral components of a healthy and thriving society. They serve as vital counterweights to the stresses of urban living, offering solace and tranquility that contribute significantly to mental well-being. The opportunity for neighbourhood residents to interact, meet new people, and foster community spirit within these green spaces is invaluable for social cohesion. Moreover, the fundamental human need to connect with nature finds its fulfillment in parks, offering respite from the artificiality of the built environment. The few public parks that do exist in Quetta are, more often than not, in a lamentable state of disrepair. Basic amenities such as clean sanitation facilities and proper hygiene are frequently missing. Overcrowding further diminishes the intended benefits, transforming what should be a relaxing family outing into an uncomfortable and often unpleasant experience. The very essence of a park a serene escape is lost in the chaos and neglect. Quetta, once celebrated for its scenic charm and clean air, has sadly devolved into one of the most polluted cities in the nation. This environmental degradation underscores the urgent need for green spaces, which act as natural filters and contribute to a healthier urban ecosystem. The stark contrast with other cities across Pakistan Karachi, Lahore, Multan, Faisalabad, among others where well-maintained parks are a common feature, serves as a painful reminder of Quetta's deprivation. The government must actively champion the cause of public parks, empowering the concerned authorities to not only improve the existing ones but also to strategically plan and develop new green spaces across the city. There must be a zero-tolerance policy towards the misuse of funds allocated for public amenities and any negligence towards issues that directly impact the well-being and quality of life of the citizens of Quetta. The time for mere pronouncements and fleeting inspections is over. The people of Quetta deserve more than just concrete; they deserve the revitalizing embrace of green spaces their natural right and a vital necessity for a healthy and vibrant urban future.

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan News Quetta

Bullet No. 6

Dated: 20 MAY 2025 Page No. 27

# بلوچستان کی بیٹی ڈاکٹر میر من کاکڑ امید کی نئی کرن

تحریر: ملک محیب ترین

بلوچستان کے ضلع قلعہ عبداللہ کے دور افتادہ اور پسماندہ علاقے تجک سے تعلق رکھنے والی ڈاکٹر میر من کاکڑ نے حالیہ بلوچستان پبلک سروس کمیشن کے سخت اور مقابلہ جاتی امتحان میں شاندار کامیابی حاصل کرتے ہوئے اسسٹنٹ کمشنر کے منصب پر تعیناتی حاصل کی ہے۔ یہ کامیابی نہ صرف ان کی ذاتی محنت کا ثمر ہے بلکہ پورے بلوچستان، خصوصاً پشتون بیلٹ کی خواتین کے لیے ایک نئی امید، ایک خواب کی تعبیر، اور جدوجہد کا پیغام ہے۔ بلوچستان جو رقبہ کے لحاظ سے پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ ہے جہاں جغرافیائی پھیلاؤ، تعلیمی سہولیات کا فقدان، اور روایتی قبائلی نظام نے خواتین کی تعلیم و ترقی کو محدود کر رکھا ہے، وہاں سے ایک بیٹی کا ابھرنا اور اہم سرکاری منصب پر فائز ہونا کسی انقلاب سے کم نہیں۔ اکثر علاقوں میں لڑکیوں کی تعلیم کو اب بھی ایک چیلنج سمجھا جاتا ہے، جہاں اسکول تو دور، کتابیں بھی خواب محسوس ہوتی ہیں۔ ایسے معاشرتی پس منظر میں ڈاکٹر میر من کاکڑ کی کامیابی ایک ایسی شمع ہے جو نہ صرف ان کے اپنے گھر بلکہ پورے خطے کے لیے روشنی کا باعث بنی ہے۔ انہوں نے طب جیسے باوقار شعبے میں تعلیم حاصل کرنے کے بعد عوامی خدمت کے جذبے کے تحت سول سروس کا انتخاب کیا، اور اپنے عزم، خلوص اور جدوجہد سے ثابت کر دیا کہ اگر حوصلے بلند ہوں تو منزل خود راستہ دیتی ہے۔ ڈاکٹر میر من کاکڑ کی یہ کامیابی صرف ایک فرد کی ترقی نہیں، بلکہ پورے نظام کو آئینہ دکھاتی ہے کہ پشتون بیلٹ کی بیٹی اگر پڑھ لکھ جائے تو قوم کا مقدر بدل سکتی ہے۔ ان کا کہنا ہے: "میرے لیے عہدہ اتنا معنی نہیں رکھتا، جتنا یہ احساس کہ میں عوام کی خدمت کے قابل بن پائی ہوں۔ یہ کامیابی میرے والد کی خواہش تھی، کاش وہ زندہ ہوتے اور دیکھ پاتے کہ ان کی بیٹی آج اس منصب پر ہے۔" ان کی شخصیت کی پہچان ان کی شائستہ گفتگو، خوش اخلاقی، خاندانی وقار اور نرم دلی ہے۔ وہ صرف ایک سرکاری افسر نہیں بلکہ نوجوان نسل، بالخصوص لڑکیوں کے لیے ایک محرک، ایک خواب، اور ایک امید کا نام ہیں۔



بلوچستان جیسے قبائلی معاشرے میں جہاں خواتین کو طویل عرصے تک ثانوی حیثیت دی گئی، وہاں ڈاکٹر میر من کاکڑ کی کامیابی اس سوچ کو بدلنے کی طرف ایک ٹھوس قدم ہے۔ یہ ایک مثال ہے کہ قبائلی روایات اور تعلیم دوست مستقبل میں ہم آہنگی پیدا کی جا سکتی ہے۔ ان کی کامیابی اس بات کا پیغام ہے کہ قبائلی اقدار کو برقرار رکھتے ہوئے بھی خواتین کو ترقی اور قیادت کے میدان میں آگے لایا جا سکتا ہے۔ ڈاکٹر میر من کاکڑ نہ صرف بلوچستان بلکہ پورے پاکستان کی بیٹیوں کے لیے ایک مشعلِ راہ ہیں۔ ان کا ہر اس لڑکی کو یہ یقین دلاتا ہے کہ اگر دل میں جذبہ ہو، تو راستے خود بن جاتے ہیں۔ کامیابی ہر والد، ہر ماں، ہر استاد، اور ہر پالیسی ساز کے لیے ایک پیغام ہے کہ بچیوں کو صرف گھر کی چار دیواری تک محدود نہ رکھا جائے بلکہ انہیں وہ پر دیے جائیں جن سے وہ سماج کے آسمان پر اڑان بھر سکیں۔ ہم امید کرتے ہیں کہ ڈاکٹر میر من کاکڑ کی کامیابی بلوچستان کی دیگر بیٹیوں کے لیے تحریک بنے گی اور وہ بھی تعلیم، ترقی اور خدمت کے میدان میں اپنی شناخت پیدا کریں گی۔ یہ صرف ایک عہدہ نہیں، ایک تبدیلی کا آغاز ہے۔

